## صوبہ خیبر پختونخوا کے سرکاری سکولوں کے ذہین طلباء اور طالبات سے درخواست برائے وظائف و داخلہ مطلوب ہیں

صوبہ خیبر پختونخوا کے بندوبستی (Settled) اور نئے ضم شدہ اضلاع Newly Merged Districts سے تعلق رکھنے والے ذہین طلباء و طالبات جو کہ جماعت اول اعلیٰ سے لیکر چھٹی جماعت تک صرف اور صرف سرکاری سکولوں میں پڑھ رہے ہوں یا چھٹی جماعت پاس کر چکے ہوں۔ اس کے علاوہ کیونٹی سکول کے پانچویں جماعت تک فارغ التحصیل بچے اور بچیاں بھی درخواست دے سکتے ہیں لیکن ان کی تصدیق Elementary & Secondary Education Foundation سے کی جائے گی۔ درج ذیل تعلیمی اداروں میں داخلے کے لئے درخواستیں مطلوب ہیں۔ ان طلباء و طالبات کو ضلعی میرٹ کی بنیاد پر جماعت ہفتم میں داخلہ دیا جائے گا۔ اس پروگرام کے تحت داخل شدہ طلباء و طالبات کے تعلیمی اخراجات بارھویں جماعت تک حکومت خیبر پختونخوا برداشت کرے گی۔ داخلے کے لئے موزوں امیدواروں کا انتخاب انٹری ٹیسٹ کے ذریعے کیا جائیگا۔ جو کہ ایٹا (ETEA) کے زیر نگرانی پشاور، مردان، سوات، ایبٹ آباد، کوہاٹ، بنوں اور ڈیرہ اسماعیل خان میں لیا جائے گا۔ ٹیسٹ کا دورانیہ ڈیڑھ گھنٹے ہوگا۔ انٹری ٹیسٹ جماعت ششم کی سطح کے خیبر پختونخوا ٹیکسٹ بک بورڈ کے انگریزی، حساب، جنرل سائنس، اردو اور اسلامیات (اقلیتی امیدواروں سے اخلاقیات) کے مضامین میں لیا جائے گا۔

| S# | Name of Institution (Center of Excellence) | Reserved Seats for Settled District | | Reserved Seats for NMDs | |
|---|---|---|---|---|---|
| | | Boys | Girls | Boys | Girls |
| 1 | University Public School Peshawar | 33 | 00 | 07 | 00 |
| 2 | Islamia Collegiate School Peshawar | 30 | 00 | 12 | 00 |
| 3 | Peshawar Public School Peshawar (Boys + Girls) | 40 | 00 | 10 | 00 |
| 4 | Fazal Haq College Mardan | 30 | 80 | 10 | 20 |
| 5 | Akram Khan Durrani College Bannu | 12 | 00 | 07 | 00 |
| 6 | Mufti Mehmood School & College D.I. Khan | 10 | 00 | 04 | 00 |
| 7 | Abbottabad Public School Abbottabad | 13 | 00 | 05 | 00 |
| 8 | University Wensom School & College DIK | 10 | 10 | 06 | 06 |
| 9 | Agriculture University Public School & College | 00 | 20 | 00 | 06 |
| 10 | Excelsior School & College Swat (B&G) | 22 | 30 | 05 | 00 |
| 11 | University Model School for Girls Peshawar | 00 | 60 | 00 | 08 |
| | Total | 200 | 200 | 66 | 40 |

## داخلہ کے لئے انتخاب کا معیار اور طریقہ

1۔ سیٹوں کی کل تعداد 506 ہے۔ (گذشتہ تعلیمی سال برائے 25-2024 میں 253 سیٹوں کیلئے کچھ وجوہات کی بناء پر ٹیسٹ منعقد نہ ہوسکا جس کی وجہ سے اس سال تعداد دگنی ہوگئی)۔ سیٹوں کی تقسیم اضلاع کی آبادی کے تناسب کی بنیاد پر ہوگی۔ تاہم اگر کسی ضلع سے مختص سیٹوں پر کوئی بھی امیدوار کامیاب نہ ہوا/ ہوئی تو ایسی صورت میں اگر رہ جانے والی سیٹوں کی تعداد کل سیٹوں کے 25% یا اس سے زیادہ ہوں تو ان سیٹوں کو دوبارہ اضلاع کی مختص سیٹوں کے برابر تقسیم کیا جائے گا بشرطیکہ وہاں کسی ضلع یا اضلاع میں اہل امیدوار موجود ہو۔ اس مرحلے کے بعد رہ جانے والے سیٹوں کو Genderwise اوپن میرٹ پر پورے اترنے والے طلباء و طالبات کو داخلہ دیا جائے گا۔ اس مرحلے کے بعد رہ جانے والے سیٹوں کو مجموعی Genderless اوپن میرٹ پر پورے اترنے والے طلباء و طالبات کو داخلہ دیا جائے گا) (2) اگر رہ جانے والی سیٹوں کی تعداد کل سیٹوں کے 25% سے کم ہو تو ان سیٹوں کو Genderwise اوپن میرٹ پر پورے اترنے والے طلباء و طالبات کو داخلہ دیا جائے گا۔ اس مرحلے کے بعد رہ جانے والے سیٹوں کو مجموعی Genderless اوپن میرٹ پر پورے اترنے والے طلباء و طالبات کو داخلہ دیا جائے گا) (3)۔ طالبات کے لئے مخصوص اداروں میں صرف ایگریکلچر یونیورسٹی پبلک سکول اینڈ کالج (گرلز) پشاور، Excelsior School & College (B&G) Swat، مفتی محمود پبلک سکول اینڈ کالج ڈیرہ اسماعیل خان، ونسم کالج ڈیرہ اسماعیل خان، فضل حق کالج مردان اور یونیورسٹی ماڈل سکول فار گرلز پشاور میں ہاسٹل کی سہولت موجود ہے۔ طالبات کے لئے مخصوص دیگر اداروں میں داخلہ کی صورت میں طالبات اپنی رہائش کا بندوبست خود کریں گے۔ (4)۔ درخواست فارم جمع کرتے وقت طلباء و طالبات اس بات کی وضاحت کریں کہ وہ ہاسٹل میں مقیم ہوں گے یا خود اپنی رہائش کا بندوبست کریں گے۔ (5) ضلعی مختص شدہ سیٹوں پر کامیاب امیدواروں کو داخلہ متعلقہ ضلع کے ڈومیسائل ہونے کی بنیاد پر دیا جائے گا۔ (6)۔ انٹری ٹیسٹ کے لئے عمر کی حد 11 تا 14 سال ہے عمر میں کوئی رعایت نہیں دی جائے گی۔ امیدواران گورنمنٹ سکول میں جماعت اول اعلیٰ سے لیکر جماعت ششم تک پڑھائی کی تسلسل کی تصدیق متعلقہ ہیڈ ماسٹر/ ہیڈ مسٹریس کرے گا/ گی۔ جن طلباء کی تاریخ پیدائش 31 مارچ 2012 سے قبل یا 31 مارچ 2015 کے بعد ہو وہ درخواست دینے کے اہل نہیں ہوں گے۔ (7) داخل خارج میں کسی بھی قسم کی تبدیلی، ٹمپرنگ یا دوبارہ اندراج کی صورت میں امیدوار نا اہل ہوگا اور ردوبدل کرنے والے (ضلعی آفیسرز اور ہیڈ ماسٹر و ہیڈ مسٹریس (میل اور فیمیل)) کے خلاف تادیبی کارروائی کی جائے گی۔ (8)۔ غلط معلومات فراہم کرنے والے طلباء و طالبات کے والدین/ سرپرست کے خلاف کسی بھی مرحلہ پر قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔ جس میں داخلے کی منسوخی بھی شامل ہے۔ اور والدین سے طلباء/ طالبات پر خرچ شدہ رقم کی وصولی بھی ہوگی۔ (9)۔ ETEA ٹیسٹ میں 50% نمبرز حاصل کرنے والے طلباء و طالبات کو اہل تصور کیا جائے گا۔

تاہم طالبات جو کہ مذکورہ بالا مراحل سے گذر کر پھر بھی اگر اُن کے سیٹس (Seats) پُر نہیں ہوئے تو پاس نمبرز کو 50% سے 40% تک بتدریج لایا جائے گا۔ (10)۔ جو امیدواران پہلے سے مندرجہ بالا تعلیمی اداروں یا کیڈٹ کالجز یا گورنر ماڈل سکول میں داخل ہیں یا پرائیویٹ سکول میں زیر تعلیم ہیں یا پہلے سے کوئی اسکالرشپ/انڈومنٹ فنڈ سے مستفید ہو رہا ہو وہ داخلہ اور ٹیسٹ دینے کے اہل نہیں ہوں گے۔ (11)۔ جو اُمیدواران کامیاب قرار پائیں گے اُن کا انٹرویو، لسٹ ڈائریکٹریٹ آف ایلیمنٹری اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن اپنے متعلقہ DEOs کو ارسال کریں گے اور متعلقہ DEOs اپنے متعلقہ ہیڈ ماسٹر یا ہیڈ میسٹریس کے ذریعے کامیاب طلباء و طالبات کو آگاہ کریں گے بوقت انٹرویو امیدوار کے ساتھ متعلقہ سکول کا ہیڈ ماسٹر اور ہیڈ ٹیچر اصلی اور تصدیق شدہ کاپی کے ساتھ لازمی آئے گا۔ (12) مندرجہ بالا تعلیمی اداروں میں داخلہ Merit cum Choice کی بنیاد پر کیا جائے گا۔ (13) سکول / کالج کی تبدیلی کی اجازت نہیں ہوگی۔ طلباء کو جن تعلیمی اداروں میں داخلہ ملے گا اسی میں ساتویں جماعت سے بارہویں جماعت تک تعلیم مکمل کریں گے۔ سوائے اُن سکولوں کے جہاں انٹرمیڈیٹ کی کلاسز نہیں ہیں۔ مثلاً اسلامیہ کالجیٹ سکول پشاور کے طلباء کو دسویں جماعت پاس کرنے کے بعد دیگر Centre of Excellence میں مائیگریشن کی اجازت ہوگی۔ (14) اس پروگرام میں طلباء و طالبات ایک ہی تاریخ پیدائش پر صرف دو مرتبہ ٹسٹ دے سکتے ہیں۔ (15) امتحانی مرکز میں داخلے کے وقت ہر بچے کا نادرا آفس سے Biometirc لازمی ہوگا۔ (16) اگر طلباء و طالبات ایک جیسے نمبر حاصل کریں تو عمر میں بڑے کو ترجیح دی جائے گی۔ (17) ٹیسٹ دسمبر کے آخری ہفتے میں منعقد ہوگا۔

**درخواست دینے کا طریقہ کار** : آن لائن درخواست فارم مورخہ 25 نومبر 2024 سے www.etea.edu.pk پر موجود ہوگا۔ امیدواران اپنی درخواستیں آن لائن مورخہ 25 نومبر 2024 سے **16 دسمبر 2024** تک www.etea.edu.pk پر جمع کرائیں۔ کامیاب آن لائن درخواست جمع کرنے کے بعد UBL بینک کے ڈیپازٹ سلپ (بمعہ ٹوکن نمبر ڈاؤن لوڈ/پرنٹ) کر کے کسی بھی UBL یا UBL OMNI ایجنٹ کے پاس جا کر مبلغ -/600 روپے (امتحانی فیس ناقابل واپسی) مجوزہ ڈیپازٹ سلپ پر جمع کرائیں۔ دریں اثناء آپ کو OMNI کی طرف سے Payment کا تصدیقی SMS بھی موصول ہوگا۔ فیس جمع کرانے کے بعد اصل ڈیپازٹ سلپ، Candidate Copy اپنے پاس محفوظ رکھیں کیوں کی بینک ڈیپازٹ سلپ اور رولنمبر سلپ کے بغیر امتحان میں بیٹھنے کی اجازت نہیں دی جائے گی۔ برائے مہربانی تعلیمی اسناد/دستاویزات ETEA آفس بھیجنے کی زحمت نہ کریں۔ کامیاب امیدواران کو ایٹا تحریری ٹیسٹ کا رولنمبر سلپ ڈاؤن لوڈ/پرنٹ کرنے کے لئے SMS کے ذریعے اطلاع دی جائے گی۔ نیز یہ معلومات ایٹا کی ویب سائیٹ پر دی جائیں گی۔ ایٹا ٹیسٹ کی تاریخ، وقت اور ٹیسٹ سنٹر رولنمبر سلپ میں درج ہوں گے۔ یاد رکھیں کہ ایٹا تحریری امتحان کے لئے رولنمبر سلپ کسی بھی امیدوار کو بذریعہ ڈاک ارسال نہیں کیا جائے گا۔ اگر آپ نے اپنے SIM کا نیٹ ورک تبدیل کیا ہو یا اپنے موبائل پر Promotion Messages بلاک کیئے ہوں تو آپ کو ایٹا کی طرف سے کوئی SMS موصول نہیں ہوگا۔ لہٰذا آن لائن فارم میں صرف ایسا ہی موبائل نمبر درج کریں جس کا نیٹ ورک تبدیل نہ کیا گیا ہو۔ اور اس کے علاوہ اگر آپ کا موبائل 3 گھنٹے بند ہوا یا آپ مسلسل 3 گھنٹے نیٹ ورک رینج سے باہر ہوئے اُس دوران ایٹا کی طرف سے آپ کا SMS بھیجا گیا تو وہ SMS تین گھنٹے تک نیٹ ورک میں رہنے کے بعد خود کار نظام کے ذریعے ختم (Expire) ہو جائے گا۔ یعنی ایسی صورت میں بھی آپ کو SMS موصول نہیں ہوگا۔ کامیاب امیدوار تعلیمی کوائف اور اصلی ایٹا فارم انٹرویو کے دن پیش کریں۔

**نوٹ:۔** آن لائن درخواست جمع کرنے کے لئے درخواست گذار اپنی تعلیمی و دیگر کوائف اور (Recent Scanned Passport Size Picture) (پاسپورٹ سائز نئی تصویر کی سافٹ کاپی) ضرور اپنے ساتھ رکھیں۔ امتحانی مرکز میں موبائل فون لانے کی اجازت نہیں ہے۔ جعلی دستاویزات کی صورت میں تعزیری کاروائی کی جائے گی۔ جبکہ غلط معلومات فراہم کرنے والا امیدوار کسی بھی مرحلے پر نااہل تصور ہوگا۔ آن لائن درخواستیں جمع کرانے کی آخری تاریخ .16 دسمبر .2024 ہے۔

**C.E.O Project ETEA Office plot No.22 Street No.13 Sector E-8 Phase -7 Near Hajj Complex Hayat Abad Peshawar.**

مزید معلومات کے لئے www.etea.edu.pk یا فون نمبر 9219078 -- 091-9219049

**( ثمینہ الطاف )**

**ڈائریکٹر ایلیمنٹری اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن صوبہ خیبر پختونخوا**

نزد گورنمنٹ شہید حسنین شریف ہائیر سیکنڈری سکول نمبر 1 جی ٹی روڈ پشاور شہر۔ فون نمبر 091-9225339, 091-9225344